Paper Code Number: 4021	2025 (1st-A) انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ (جماعت بارہویں)	رول نمبر _____

اردو (لازمی)	پرچہ۔دوسرا	گروپ۔پہلا	معروضی	وقت 20 منٹ	کل نمبر = 20

سوال نمبر 1 ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

نثری اسباق کے حوالے سے درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔

نمبر شمار	سوالات	A	B	C	D
1	عمر بن عبدالعزیزؒ نے مقبرے کے لیے زمین خریدی۔	مسلمان سے	یہودی سے	عیسائی سے	نصرانی سے
2	محنت پسند خردمند نے دودھ پیا۔	عزت کا	غربت کا	محنت کا	اُمید کا
3	محجن نے اکبری کو ازار بند کی قیمت بتائی۔	دو آنے	تین آنے	چار آنے	پانچ آنے
4	ہوائی ریاست ہے۔	برطانیہ کی	امریکا کی	جاپان کی	روس کی
5	سرسید کا انتقال ہوا۔	۱۸۹۸ء میں	۱۸۹۹ء میں	۱۹۱۱ء میں	۱۹۱۲ء میں

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

6	صحرا میں اونچے نیچے ٹیلے اور دور دراز بستیاں _____	تھے	تھ	تھی	تھیں
7	نیکی _____ راہ بہت مشکل ہوتی ہے۔	کا	کے	کی	کو
8	میری تنخواہ بڑھا دو _____ میں کام چھوڑ دوں گا۔	اگر	کہ	البتہ	ورنہ
9	وہ دیر سے پہنچا _____ کام مکمل کر آیا۔	مگر	اگر	تو	تاکہ
10	وہ حسین ہی نہیں _____ شوخ بھی ہے۔	لیکن	تو	مگر	بلکہ

رموزِ اوقاف کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔

11	سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ کے لیے علامت ہے۔	رابطہ کی	وقفہ کی	ندائیہ کی	سوالیہ کی
12	"جو کرے گا----- سو بھرے گا" میں علامت آئے گی۔	،	؛	:	؟
13	"ختم" کہتے ہیں۔	مختصر ٹھہراؤ کو	مکمل ٹھہراؤ کو	کم ٹھہراؤ کو	وقفہ سے زیادہ ٹھہراؤ کو
14	(!) علامت کہلاتی ہے۔	سوالیہ کی	وقفہ کی	رابطہ کی	ندائیہ کی
15	"بلدیاتی انتخابات کب ہونگے" علامت لگائیے۔	؟	؛	!	:۔

امدادی افعال کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

	سوالات	A	B	C	D
16	چکنا	اس نے ادھار چکا دیا۔	وہ زخموں سے چکنا چور ہو گیا۔	میں کھانا کھا چکا ہوں۔	میرے ہاتھ چکنے ہیں۔
17	رہنا	یہاں کون رہتا ہے؟	احمد لاہور میں رہتا ہے۔	اتنی دیر کہاں رہے ہو؟	وہ کھانا کھا رہا ہے۔
18	چاہنا	اب مجھے سونا چاہیے۔	مجھے یہی گھڑی چاہیے۔	جو چاہو کھاؤ پیو۔	تم کیا چاہتے ہو؟
19	اٹھنا	یہاں سے اُٹھ جاؤ۔	کوڑا اُٹھا دو۔	وزن سر پر اٹھا لو۔	وہ درد سے چلا اٹھا۔
20	نکلنا	سورج نکل آیا۔	آپ ادھر کیسے آ نکلے؟	کہاں نکلے جا رہے ہو؟	میرا پیٹ نکل آیا ہے۔

2025 (1st-A)

انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ (جماعت بارہویں)

رول نمبر _____

اردو (لازمی)	پرچہ۔ دوسرا	گروپ۔ پہلا	انشائیہ	وقت = 2.40 گھنٹے	کل نمبر = 80

نوٹ:۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچہ میں درج ہے۔

حصہ اول

2۔(الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ **10 = 1 + 1 + 8**

کہاں بندگانِ ذلیل اور کہاں وہ — بسر کرتے ہیں بے غم قوت و ناں وہ
پہنتے نہیں جز سمور و کتاں وہ — مکاں رکھتے ہیں رشکِ خلدِ جناں وہ

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ **10 = 1 + 3 + 3 + 3**

جوں شمع جمع ہوویں گر اہلِ زباں ہزار — آپس میں چاہیے کہ کبھی گفت گو نہ ہو
جوں صبح، چاکِ سینہ مرا، اے رفو گراں! — یاں تو کسو کے ہاتھ سے ہرگز رفو نہ ہو
ہووے نہ حول و قوت اگر تیری درمیاں — جو ہم سے ہو سکے ہے، سو ہم سے کبھو نہ ہو

حصہ دوم

3۔ سیاق و سباق کے حوالہ سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ **15 = 2 + 3 + 10**

(الف) بیگم کو فقیروں پر پرلے درجے کا اعتقاد تھا۔ ایک دفعہ سنا کہ تین کوس پر کوئی کامل وارد ہے۔ اندھیری رات میں گھر سے پیادہ پا ان کے پاس گئیں اور پہر تک ہاتھ باندھے کھڑی رہیں۔ فقیروں کے نام کے قربان جایئے۔ ایک مرتبہ جو شاہ صاحب نے آنکھ اُٹھا کر دیکھا، فرمایا کہ جا مائی رات کو حکم ملے گا۔ بیگم کو خواب میں بشارت ہوئی کہ حج کو جا اور مراد کا موتی سمندر سے نکال لا، صبح کو اُٹھ کر حج کی تیاریاں ہونے لگیں۔

(ب) مولانا جب تک دفتر میں رہتے تھے بڑی چہل پہل رہتی تھی۔ نظم لکھی اور پکار کے کہا کہ "بلاؤ قاضی کو، بلاؤ اختر کو، کہاں ہے زاہدی، کہاں ہے حسرت؟" سب جمع ہوئے اور مولانا نے نظم پڑھ کے سنائی اور پھر انھیں نت نئی تجویزیں سوجھتی رہتی تھیں جو دو تین دن کے چرچے میں غائب غلّہ ہو جاتی تھیں۔ ہم میں سے کوئی اچھا شعر کہتا یا کوئی اچھا مضمون لکھتا، تو تعریف کرکے دل بڑھاتے اور انعام بھی دیتے۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے **10 = 1 + 9**

(i) نواب محسن الملک (ii) مواصلات کے جدید ذرائع

5۔ نصاب میں شامل مجید امجد کی نظم " ایک کوہستانی سفر کے دوران میں " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ **05**

6۔ کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ **20**

(i) باپ کا احترام (ii) فنی تعلیم کی اہمیت (iii) حُبِّ وطن

7۔ اخبار کے مدیر کے نام تعلیمی نظام کی ابتری کا ذکر کرتے ہوئے بہتری کی تجاویز کا خط لکھیے۔ **10**